سوال

جسم کے کسی حصے سے خون کے نکلنے سے روزہ کا حکم

جواب

سوال : اگر دانتوں میں سے خون نکلے اور اسکا ٹیسٹ (taste) بھی محسوس ہو تو کیا روزہ ٹوٹ جاتا ہے ؟ اور جسم کے کسی اور جگہ سے خون نکلے جیسے کہیں کوٹ جائے تو پھر کیا حکم ہے ؟

جواب :

شیخ صالح المنجد اس بارے ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں :
سوال ؛ کیا دانتوں سے نکلنے والا خون روزہ فاسد کرتا ہے کہ نہیں ؟ اور اگر کوئی انسان کسی دوسرے کو زدکوب کرے جس سے اس کے دانتوں سے خون جاری ہوجائے تو کیا روزے پر کچھ اثر ہوگا ؟ اللہ تعالی آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے

الحمد للہ
دانتوں سے نکلنے والا خون روزے پر اثر انداز نہیں ہوتا اور نہ ہی اس سے روزہ ٹوٹتا ہے ، چاہے وہ خود نکلے یا کسی کے زدکوب کرنے سے ۔
اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے ۔
دیکھیں : فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء (267/10) ۔
لیکن روزے دار پر اس خون کو نگلنا حرام ہے ، اور اگر اس نے جان بوجھ کر نگل لیا تو روزہ ٹوٹ جائے گا ۔
واللہ اعلم .
الاسلام سوال وجواب